ہمارے نبی کے صحابہ - یہ کتاب بھی مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی نے اسی تقطیع پر لکھی ہے۔ صفحات ۱۲۰ کتابت طباعت متوسط۔ کاغذ متوسط قیمت ۸؍ غالباً پتۂ بالا سے دستیاب ہوگی۔

اس کتاب میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس زندگیوں کے حالات عبادات اخلاق اور معاشرت کے تین عنوانات کے ماتحت مختصر طریقہ پر جمع کیے گئے ہیں۔ زبان سلیس و شگفتہ اور واقعات صحیح و مستند ہیں تعلیم یافتہ عورتیں اس کتاب کو پڑھ کر اپنے بچوں کو شروع سے ہی صحابہ کرام کے مختصر حالات سنائیں تو اُن کے دماغ میں اسلامی اخلاق و عادات کا گہرا نقش پیدا ہو جائے۔ متوسط درجہ کے تعلیم یافتہ مردوں عورتوں اور بچوں کے لیے یہ کتاب بہت مفید ہوگی۔

سراپائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم - از مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی تقطیع خورد صفحات ۵۴ کتابت طباعت متوسط، قیمت ۶؍

اس کتاب میں اختصار کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیۂ مبارک اور آپ کے عادات و خصائل، معاشرت، اخلاق و آداب، لباس، اور عام اطوار و طریق زندگی سلیس و صاف او شگفتہ زبان میں لکھے گئے ہیں معلومات صحیح اور مستند ہیں۔ عورتوں اور بچوں کو خصوصیت کے ساتھ اس رسالہ کا مطالعہ کرنا چاہیے کہ سرکار مدینہ کا ذکر جس نہج اور جس عنوان سے بھی ہو روح کی تسلی اور دل و ایمان کی تقویت کا سبب ہے۔

مسلمان بیبیاں - یہ کتاب بھی مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی کی تصنیف ہے۔ اس میں بعض ازواج مطہرات اور صحابیات رضی اللہ عنہن کی زندگی، اُن کی عبادتیں، طریق معاشرت اخلاق و عادات، نیکوکاری اور اسلام کے لیے جاں نثاری، زہد و ورع کے واقعات مختصر طریقہ پر قلمبند کیے گئے ہیں۔ زبان سلیس و عام فہم انداز بیان دلچسپ اور پسندیدہ۔ اگر بچوں اور خصوصاً بچیوں کے تعلیمی کورس میں داخل کرکے اس رسالہ کو پڑھایا جائے تو اس سے بہت کچھ فائدہ کی توقع ہو سکتی ہے